مولانا محمد ابراہیم فانی

تعارف و تبصرہ کتب

کتاب : کتابوں کی درسگاہ میں مولف : مولانا ابن الحسن عباسی

ضخامت : ۲۶۴ صفحات قیمت : درج نہیں

ناشر : مکتبہ عمر فاروق بالمقابل جامعہ فاروقیہ شاہ فیصل کالونی کراچی نمبر ۲۵

زیر تبصرہ کتاب "کتابوں کی درسگاہ میں" جیسا کہ نام سے ظاہر ہے کہ مختلف موضوعات پر ہزارہا صفحات پر مشتمل کتابوں سے منتخب شدہ ان دلکش و دلاویز اور عبرت انگیز و حیرت خیز عبارات و واقعات علمی لطائف اور ایسے بصیرت افروز و سبق آموز معلومات کا مرقع ہے جس کو قاری ایک ہی نشت میں ختم کر کے پھر بھی ایک تشنگی محسوس کرتا ہے کہ کاش اگر اس میں مزید صفحات کا اضافہ ہوتا تو بھی دل و دماغ پر گراں نہ گزرتا۔ بلکہ اس سے اور بھی ذہن میں تازگی اور طراوت کی ایک مسحور کن لہر دوڑ جاتی۔

مولف کتاب مولانا ابن الحسن عباسی نے تدریسی مصروفیات کے ساتھ ساتھ جب تصنیفی میدان میں قدم رکھا تو انتہائی قلیل مدت اور کم عرصہ میں آپ کی ایسی شہکار تصنیفات و تالیفات سامنے آئیں جن کو علماً و طلباً اور تعلیم یافتہ طبقہ میں انتہائی پذیرائی حاصل ہوئی۔ جو کہ آپکی تحریر کے موفق من اللہ ہونے کی واضح دلیل ہے۔

اہل قلم علماً سلف و خلف کا یہ طریقہ مستمرہ چلا آرہا ہے کہ دوران مطالعہ جو بھی کوئی عجیب واقعہ، تحقیقی نادرہ، علمی لطیفہ، ادبی نکتہ اور تاریخی عجوبہ یا اس قسم کی دوسری حیرت انگیز عبارتیں سامنے آتیں تو ان کو نشان زد کر کے بعد میں اسے ترتیب دے کر اپنے مطالعے کا نچوڑ اور ہزارہا صفحات سے عطر کشید کر کے محفوظ کرتے یہ ان حضرات کا ایک عظیم احسان ہے اس لئے کہ اس سے آئندہ آنے والی نسلیں اور اسیرانِ ذوق مطالعہ استفادہ کرتے رہیں گے۔ ایسی کتابوں منتخبات اور "ثمرات الاوراق" کی فہرست کافی طویل ہے۔

مولانا ابن الحسن عباسی کی یہ کتاب بھی اسی سلسلہ الذہب کی ایک زرین کڑی ہے معنوی لحاظ سے اس کی خوبی و جاذبیت میں تو کلام نہیں۔ مگر ظاہری زیب و آرائش کے اعتبار سے یہ کتاب بھی آپ کی دوسری کتابوں کی طرح مکتبہ عمر فاروق والوں نے انتہائی دیدہ زیب اور خوبصورت انداز میں شائع کی ہے۔ بلا شبہ یہ کتاب اس قابل ہے کہ علم و مطالعہ کا ذوق رکھنے والا اس کو اپنی لائبریری کی زینت بنائے جبکہ اس کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ ہر مذاق کا حامل شخص اس سے یکساں طرز پر مستفید ہو سکتا ہے۔